© rasailojaraid.com



اپنے مخاطبین اور میزبانوں سے بھی متعارف کراتے ہیں۔ اس طرح ان کا سفرنامہ ایک فرد کی سیر بینی سے بڑھ کر پڑھنے والوں کا سفرنامہ بن جاتا ہے۔ اس ذیل میں یہ ان کا چوتھا سفرنامہ ہے۔ (س م خ)

**اسلامی قلم رو میں اِقرأ اور علّم بالقلم کے ثقافتی جلوے** (عہد عباسی)، جلد اول، جلد دوم، مصنف: مولانا ڈاکٹر محمد عبدالحلیم چشتی۔ ناشر: مکتبہ الکوثر، بلاک بی، سیکٹر ۱۱، مکان نمبر ۱۲۱، جامعۃ الرشید، احسن آباد، کراچی۔ صفحات (علی الترتیب: ۵۸۵، ۴۲۱)۔ قیمت: درج نہیں۔

اس کتاب میں محترم مصنف نے عہد عباسی (۷۵۰ء تا ۱۲۵۸ء) کے ۱۷ خلفا کے کتب خانوں کا جائزہ لیا ہے۔ اس پانچ سو آٹھ سالہ دورِ حکومت میں علماے اسلام نے مختلف علوم وفنون میں ترقی کے ساتھ ساتھ دیگر زبانوں کی علمی کتابوں کے عربی زبان میں ترجمے بھی کیے۔ زندگی کے مختلف شعبوں کے سرکردہ افراد نے مطابق علوم وفنون کی مختلف شاخوں میں گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ فاضل مؤلف نے وسیع مطالعے سے ان علمی خدمات کی تفصیلات پیش کی ہیں، اور عباسی دور کے علما، حکما، مفسرین، محدثین، امرا اور زندگی کے دوسرے شعبوں سے متعلق افراد اور اداروں کے کتب خانوں کا تعارف کرایا ہے۔ مزید یہ کہ کتاب سازی کے مباحث، فن کتابیات کی اصطلاحات، کٹیلاگ سازی، علوم کی درجہ بندی، اور رموز اِملا کے تاریخی ارتقا، کاغذ سازی، سامانِ کتابت پر مستند معلومات فراہم کی ہیں۔ اس سلسلے میں مصنف نے نقل نویسی، قلم، دوات، روشنائی اور نقل نویسوں کے لیے فراہم کردہ سہولتوں کی تفصیلات بھی پیش کی ہیں۔

یہ کتاب عہد عباسی میں مسلمانوں کی علمی، ادبی دینی اور تہذیب وثقافت پر ایک طرح سے انسائی کلوپیڈیا کا سا مقام رکھتی ہے۔ (ظفر حجازی)

## تعارف کتب

⊙ **نوادراتِ سیّد مودودیؒ**، مرتبہ: اختر حجازی۔ ناشر: ادارہ معارف اسلامی، منصورہ لاہور۔ صفحات: ۳۳۶۔ قیمت: ۳۲۵۔ [اس کتاب کے ص ۸۷ سے ۲۲۸ تک، دو مختلف اداروں سے شائع ہونے والی مولانا مودودی کی کتب کو شامل کر کے چند ایسے مضامین کو ساتھ جمع کر دیا ہے، جو بار بار شائع ہوئے یا حال میں طبع ہوئے ہیں۔ یوں اس کتاب سازی کو 'نوادرات' کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ مولانا مودودی سے منسوب کتب میں حد درجہ احتیاط اور سنجیدگی کا اہتمام کرنے اور اہتمام کرانے کی ضرورت ہے۔]

© rasailojaraid.com